**تبلیغی جماعت (مشاہدات وتاثرات) مرتب شبیر احمد خان میواتی، ناشر ندوۃ المبلغین بلال پارک، بیگم پورہ لاہور، صفحات: ۲۸۸، قیمت ۱۹۰ روپے**

تبلیغی جماعت اس دور میں مسلمانوں کی سب سے بڑی اصلاحی اور دعوتی جماعت ہے جس کی اہمیت وافادیت کا اندازہ خود اس کے کام کی پذیرائی، گہرائی اور قبولیت ومشاہدہ کے لیے کیا جاسکتا ہے، یہ ایک چلتی پھرتی خانقاہ ہے جو اپنی اصلاح کو سامنے رکھ کر لاکھوں انسانوں کی زندگیوں کو سنوارنے، بنانے اور ان میں عملی انقلابات برپا کرنے کا فریضہ انجام دے رہی ہے، زندگی کے لیے شعبے سے متعلق رکھنے والے افراد اس کام کے انوار وبرکات سے مستفید ہو رہے ہیں اور وہ ایثار وقربانی کا جذبہ لے کر دنیا کے کونے کونے میں وسیع پیمانے پر اسلام کی دعوت اور اعمال کی اصلاح کو عام کر رہے ہیں، زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی طرح اہل ادب وصحافت، دانشوروں، کالم نگاروں اور اہل علم نے بھی جماعت کے ساتھ چل کر، اس کے اجتماعات میں شریک ہو کر اور اس کے مراکز کو دیکھ کر اس کام سے استفادہ کیا اور انہوں نے اپنے مشاہدات وتاثرات اور احساسات کو قلمبند بھی کیا، جنہیں مختلف جرائد واخبارات میں شائع کیا گیا۔ زیر نظر کتاب میں جناب شبیر احمد خان میواتی نے ان بکھری ہوئی منتشر تحریروں کو بڑی محنت سے جمع کیا ہے اور ساتھ ساتھ بعض شخصیات پر تعارفی نوٹ بھی لکھ دیا ہے، اس طرح تبلیغی جماعت سے متعلق مختلف اہل علم کی آراء اور انتہائی مفید، باتوں پر مشتمل ایک اچھا خاصا ذخیرہ محفوظ ہو گیا ہے، جن حضرات کے مضامین اور تحریروں کو شامل اشاعت کیا گیا ہے ان میں سے چند نامور شخصیات کے نام یہ ہیں:

میاں حاجی محمد عیسیٰ خان فیروز پوری، علامہ سید سلیمان ندوی، مولانا سید ابوالحسن ندوی، مولانا سید الاعلیٰ مودودی، مولانا سید محمد ثانی حسنی ندوی، محمد عبدالملک جامعی، مولانا وحید الدین خان، عطاء الحق قاسمی، مولانا ڈاکٹر غلام محمد حیدر آبادی، مولانا عبدالرشید انصاری، مولانا سعید الرحمٰن علوی، ارشاد احمد حقانی، مولانا محمد اسلم شیخوپوری، مولانا شمس الحق ندوی، وقار ملک، اوریا مقبول جان، محمد اسلم ڈوگر، ایم طفیل، انور قدوائی وغیرہ۔

کتاب کی ابتداء میں معروف عالم دین اور کالم نگار مولانا زاہد الراشدی صاحب نے سخنے چند، اور جناب احمد کامران نے دیباچہ لکھا ہے، تبلیغی جماعت کی اہمیت وافادیت اس پر اہل علم کا اعتماد اور حضرت تھانوریؒ نے نہایت احتیاط کے بعد تبلیغی جماعت کی محنت پر کس طرح اطمینان واعتماد اور خوشی کا اظہار کیا اس کے لئے تبلیغی جماعت کے بانی رکن میاں حاجی محمد عیسیٰ خان فیروز پوری کے مضمون کا مطالعہ کیا جاسکتا ہے جو حضرت تھانوی کے اس واقعے کے عینی شاہد ہیں۔ کتاب میں شامل تحریروں کا مطالعہ جماعت سے متعلق اہل علم کی معلومات میں اضافہ اور اطمینان کا باعث ہوگا، کتاب کو مضبوط جلد بندی کے ساتھ سلیقہ بندی سے شائع کیا گیا ہے۔ ملنے کا پتہ ہے: دارالکتاب، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار لاہور۔

© rasailojaraid.com